شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36۔کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

11 ستمبر 2026ء

پریس ریلیز

مشرقِ وسطیٰ میں پھیلتی جنگ نے پوری دنیا کو ایک بڑے معاشی بحران کے دھانے پر لا کھڑا کیا ہے۔
اسرائیل اور امریکہ مسلم ممالک کو آپس میں لڑا کر گریٹر اسرائیل کے ابلیسی منصوبے کو آگے بڑھا رہے ہیں۔
مسلم ممالک اپنے اصل دشمن یعنی صہیونیوں کے خلاف عملی اقدامات کے لیے متحد ہوں۔

(شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): مشرقِ وسطیٰ میں پھیلتی جنگ نے پوری دنیا کو ایک بڑے معاشی بحران کے دھانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ اسرائیل اور امریکہ مسلم ممالک کو آپس میں لڑا کر گریٹر اسرائیل کے ابلیسی منصوبے کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ مسلم ممالک اپنے اصل دشمن یعنی صہیونیوں کے خلاف عملی اقدامات کے لیے متحد ہوں۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ امریکہ اور ایران کے مابین بڑھتے ہوئے تصادم نے پورے خطے کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے۔ ایک طرف امریکہ ماضی قریب میں کیے گئے تمام وعدوں اور معاہدوں کو سرِعام پامال کر کے ایران پر تابڑتوڑ بڑے حملے کر رہا ہے تو دوسری طرف ایران خلیجی ممالک میں امریکی جہازوں سمیت بعض مسلم ممالک میں موجود امریکی اڈوں کے علاوہ شہری تنصیبات پر بھی حملے کر رہا ہے، جن میں نقصان مسلمانوں کا ہی ہو رہا ہے۔ پھر یہ کہ حوثیوں کے سعودی عرب پر جاری حملوں اور علاقے کی بندرگاہوں اور پانی کی اہم ترین گزرگاہوں پر قبضہ نے دنیا کو ایک بڑے معاشی بحران کے دھانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ امریکہ اور اسرائیل تو چاہتے ہی یہی ہیں کہ مسلم ممالک آپس کی خانہ جنگی میں ملوث رہیں اور کمزور تر ہوتے جائیں۔ پھر یہ کہ اسرائیل چاہتا ہے کہ پاکستان اور ترکیہ کو بھی اِس جنگ میں ملوث کیا جائے۔ اُنہوں نے کہا کہ مسلم ممالک کو اگر اب بھی سمجھ نہ آئی کہ صہیونی گریٹر اسرائیل کے ابلیسی منصوبے کی تکمیل کے لیے اُنہیں استعمال کر رہے ہیں تو تباہی سے بچانے والا کوئی نہ ہو گا۔ اُنہوں نے کہا کہ ضرورت اِس امر کی ہے کہ تمام مسلم ممالک آپس کی جنگ کو روکیں اور مل بیٹھ کر اپنے اصل دشمن یعنی ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل کے خلاف عملی اقدامات کرنے کی منصوبہ بندی کریں۔ یقیناً امریکہ ایسا کرنے پر مسلم ممالک کو دھمکیاں بھی دے گا اور نقصان پہنچانے کی کوشش بھی کرے گا، لیکن جب مسلم ممالک اللہ پر بھروسا کرتے ہوئے صہیونیوں، جو مسلمانوں کے سب سے بڑے دشمن ہیں، کے خلاف سیاسی، معاشی اور سفارتی اتحاد قائم کریں گے اور مل کر اُس کے خلاف عسکری کارروائیوں کی تیاری شروع کریں گے تو اللہ کی مدد بھی شاملِ حال ہو گی۔ اِسی میں خطے کو دوبارہ امن کا گہوارہ بنانے اور ہماری آخرت کی کامیابی مضمر 5 ہے۔

جاری کردہ
رضاء الحق
مرکزی ناظم نشرواشاعت

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: September 11th, 2026

The spreading war in the Middle East has brought the entire World to the brink of a major economic crisis.

Israel and the United States are advancing the satanic Greater Israel Project by pitting Muslim Countries against one another.

Muslim Countries must unite to take practical measures against their real enemy – the Zionists.

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): These views were expressed by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He said that the escalating confrontation between the United States and Iran has engulfed the entire region. On the one hand, the United States, openly violating all the promises and agreements made in the recent past, is carrying out a series of major attacks on Iran; on the other hand, Iran is attacking American ships in the Gulf, US bases located in certain Muslim countries, as well as civilian installations, with Muslims themselves ultimately bearing the losses. Moreover, the Houthis' continuing attacks on Saudi Arabia and their seizure of ports and critically important maritime passageways in the region have brought the world to the brink of a major economic crisis. He said that the United States and Israel want precisely this: for Muslim countries to remain embroiled in conflicts among themselves and grow progressively weaker. Furthermore, Israel wants Pakistan and Türkiye to be drawn into this war as well. He said that if Muslim countries still fail to understand that the Zionists are using them to bring their satanic Greater Israel project to fruition, there will be no one to save them from destruction. He said that the need of the hour is for all Muslim countries to halt their mutual conflicts, sit together, and formulate a strategy for taking practical measures against their real enemy – the illegitimate Zionist state of Israel. Undoubtedly, the United States will threaten Muslim countries for doing so and will also attempt to harm them; however, when Muslim countries place their trust in Allah (*SWT*), forge a political, economic, and diplomatic alliance against the Zionists, who are the greatest enemies of Muslims, and collectively begin preparations for military action against them, the help of Allah (*SWT*) will also be with them. Therein lies the path to restoring the region as a haven of peace and attaining success in the Hereafter.

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat